# علاقائی خبریں

یکم جولائی 2026

1:10 P.M.

ریاستی حکومت نے ملازم اساتذہ کے لیے الگ سے ٹیچر اہلیت ٹیسٹ ٹی ای ٹی کرانے کا فیصلہ کیا ہے - یو پی ٹی ای ٹی 2026 امتحان کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کل اس سلسلے میں افسران کو واضح ہدایات دیں ۔ میٹنگ کے دوران وزیراعلی نے کل سے چار جولائی تک منعقد ہو رہے یو پی ٹی 2026 امتحان کی دیانت داری اور شفافیت و امیدواروں کی سہولت کو یقینی بنانے پر خصوصی زور دیا ۔ اس درمیان ریاستی حکومت نے یو پی ٹی ای ٹی 2026 کے امتحان میں شرکت کر رہے بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اسکولوں میں ملازم اساتذہ کو خصوصی چھٹی دینے کا بھی فیصلہ کیا ہے -

.............................................

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل رام پور میں 700 کروڑ روپے سے زیادہ کے 102 ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے بورڈ کے امتحانات میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو انعامات سے نوازااور مختلف اسکیموں کے فائضین کو لیپ ٹاپ اور گرانٹ کے چیک تقسیم کئے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی نے کہا کہ حکومت رامپور سمیت ریاست کے روحانی ورثے کے مقامات کو زندہ کرنے کے لیے

پر عزم ہے - انہوں نے کہا کہ گورکھپور۔ شاملی نیا ایکنامک کاریڈور رامپور سے ہو کر گزرے گا، جو گورکھپور کو سلی گلی اور شاملی کو پانی پت سے جوڑ کر علاقے میں ترقی کو مزید مضبوط کرے گا -

बाइट........

رام پور کے بعد وزیر اعلیٰ نے بریلی میں ترقیاتی کاموں اور امن و امان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن کی ویسٹ مینجمنٹ گاڑیوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

.............................................

وکست بھارت - روزگار گارنٹی اور روزی روٹی مشن دیہی - وی بی جی - رام - جی ایکٹ 2025 اج سے پورے دیہی بھارت میں نافذ ہو گیا ہے - اس کے ملک گیر نفاذ کی ما قبل شب پر دہی ترقی کے مرکزی وزیر شوراج سنگھ چوہان نے کل کہا کہ کوئی بھی اہل دیہی مزدور ایک دن کے لیے بھی بے روزگار نہیں رہنا چاہیے - انہوں نے کہا کہ مناسب مالی وسائل دستیاب کرا دیے گئے ہیں، عمل درامد کا نظام مکمل طور پر تیار ہے اور چل رہے کام ،بنا کسی رکاوٹ کے جاری رہیں گے - جناب چوہان نے کہا کہ 125 دن کی تنخواہ دار ملازمت کی بڑھائی گئی گارنٹی, دیہی معاش کو مضبوط کرے گی - یہ ایکٹ ہر ایک اہل دیہی کنبے کے لیے قانونی تنخواہ دار روزگار کی گارنٹی کو سو دن سے بڑھا کر 125 دن کرتا ہے -

.............................................

متعدی بیماریوں پر قابو پانے کی مہم آج ریاست کے تمام اضلاع میں شروع ہو رہی ہے۔ اس مہم کے تحت تقریباً ایک درجن سرکاری محکمے پورے مہینے میں متعدی بیماریوں کی روک تھام سے متعلق سرگرمیوں کو مربوط اور منظم کریں گے۔

..............................................

اتر پردیش حکومت نے دیہی علاقوں کے شہریوں کو اہم راحت فراہم کرتے ہوئے ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ اب ریاست بھر کے تمام گاؤں سیکرٹریوں میں لیکھ پال باقاعدگی سے دستیاب ہوں گے۔ اس قدم کا بنیادی مقصد "گورننس ایٹ یور ڈورسٹیپ" کے عہد کو پورا کرتے ہوئے ریونیو سروسز کو آسان، تیز تر اور زیادہ شفاف بنانا ہے۔

اس حکومتی فیصلے سے دیہی علاقوں کے شہریوں کو اب غیر ضروری طور پر چھوٹی اور بڑی ریونیو خدمات کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

..............................................

اتر پردیش ٹرانسپورٹ کارپوریشن اج سے 15 جولائی تک "مشن سیف فیوچر" کے نام سے ریاست گیر مہم شروع کر رہا ہے ۔ اس مہم میں دفتر سطح سے بنا فٹنس، بنا پرمٹ اسکول گاڑیوں کے مینیجروں اور پرنسپلوں کو نوٹس یا فون کے ذریعے الرٹ کیا جائے گا کہ وہ جولائی کے پہلے ہفتے تک 100 فیصد اسکولی گاڑیوں کا فٹنس کرائیں اور درست پر مٹ حاصل کریں ۔

..............................................

مانسون ریاست کے تقریباً تمام اضلاع میں پہنچ چکا ہے۔ مون سون کی بارشوں کے آغاز سے گرمی کی شدت سے راحت ملی ہے۔ پیلی بھیت، امروہہ، کانپور، امبیڈکر نگر اور گورکھپور سمیت کئی اضلاع میں کل سے وقفے وقفے سے بارش ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے سینئر سائنسدان اتل کمار سنگھ نے ریاست کے کئی حصوں میں بھاری بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

.............................................

वेबसाइट